LETTERHEAD

SCHOOL کی عزیزی برادری:

میں آپکو یہ بتانے کے لیے لکھ رہا ہوں کہ ہماری اسکول برادری کے ایک ممبر یا ممبران کے COVID-19 ٹیسٹ مثبت آئے ہیں اور ہوسکتا ہے اسکول میں ہوتے ہوئے دیگر افراد کو بھی متاثر کیا ہو۔

ذیل میں آپکو اگلے اقدامات کے بارے میں رہنمائی خطوط ملیں گے جو ہماری اسکول برادری کو صحتمند اور محفوظ رکھنے میں مدد دیں گے۔ ذیل کی معلومات محکمہ برائے صحت اور ذہنی حفظانِ صحت (DOHMH)، ٹیسٹ اینڈ ٹریس کارپس (T2)، اور نیویارک شہر محکمۂ تعلیم (DOE) کی ماہرانہ رائے کی عکاسی کرتی ہے۔

اب کیا ہوگا؟

- طلبا اور عملے کے ممبران جنہوں نے اس شخص کے ساتھ جگہ کا اشتراک کیا تھا جسکے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے انہیں ایک گھر کے لیے ٹیسٹ بمع رہنمائی اور ہدایات کے ملے گا۔
- سچویشن روم دیگر کسی مداخلت کے لیے ہمارے اسکول کی نگرانی کرے گا۔
- COVID-19 ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ آنے والے کسی بھی فرد کو اسکول واپس آنے کی اجازت نہیں ہو گی، جب تک کہ وہ صحتیاب نہ ہو جائیں۔
- COVID-19 والا شخص جن جگہوں پر گیا ہوگا، اسکی گہری صفائی کی جائے گی اور جراثیم کُش کیا جائے گا۔
- اگر آپکا بچہ بیمار محسوس کررہا ہے، انہیں گھر پر رکھیں۔
- اگر آپکا بچہ پری کنڈرگارٹن، K-3 یا LYFE میں ہے، آپکے بچے کو آخری سامنا ہونے کے بعد 10 دنوں کے لیے کوارنٹین کرنا لازمی ہے۔ وہ بچے جو اس فرد کے ساتھ مشترکہ جگہ پر تھے جسکا نتیجہ مثبت آیا ہے، کوارنٹین کے آٹھویں دن اپنے کلاس رومز میں واپس آنے کے لیے ٹیسٹ کروا کر کوارنٹین سے باہر نکل سکتے ہیں۔ ایسا کرنے کے لیے، بچوں کو اپنی کوارنٹین کے پانچویں دن ایک COVID-19 ٹیسٹ کروانا چاہیئے تاکہ وہ آٹھویں دن کلاس روم میں دوبارہ داخل ہوسکیں۔

ہم صحتمند کس طرح رہیں؟

ویکسینیشن سب سے اہم آلہ ہے جو ہمیں اپنے آپ کو COVID-19 سے بچانے کے لیے دستیاب ہے۔ 5 سال یا بڑی عمر کے نیویارک کے تمام شہری COVID-19 کی ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ وہ افراد جو 5 سے 17 سال کی عمر کے ہیں وہ صرف Pfizer ویکسین کے اہل ہیں؛ دیگر تمام بڑی عمروں کے افراد تینوں ویکسینز کے اہل ہیں۔ ہم تمام اہل طلبا کی ویکسین لگوانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ آج ہی ایک ویکسین سائٹ vaccinefinder.nyc.gov پر تلاش کریں۔ ویکسین لگوانے پر کوئی لاگت نہیں ہے۔

ویکسین بوسٹر شاٹس اب 12 سال اور زائد عمر کے مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد کے لیے دستیاب ہیں۔ یہ شاٹس ابتدائی ویکسین سلسلے سے آپکی قوتِ مدافعت کو بڑھاتے ہیں۔ ایک بوسٹر شاٹ کسی بھی بالغ فرد کے لیے تجویز کیا جاتا ہے جو Pfizer ویکسین کی دوسری خوراک کم از کم پانچ ماہ قبل موصول کرچکا ہو، Moderna ویکسین کی دوسری خوراک کم از کم چھ ماہ قبل، اور Johnson & Johnson ویکسین کی پہلی خوراک کم از کم دو ماہ قبل موصول کرچکا ہو۔

برائے مہربانی COVID-19 کے پھیلاؤ کا انسداد کرنے کے لیے ان اہم اعمال کی پابندی کرنا یاد رکھیں:

1. اگر آپ بیمار ہیں تو گھر پر رہیں (ماسوا لازمی طبی نگہداشت لینے کے لیے، بشمول COVID-19 ٹیسٹنگ)۔
2. COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے چہرے کا ماسک پہنیں۔
3. ہاتھوں کی حفظان صحت کا عمل اپنائیں: اپنے ہاتھوں کو اکثر دھوئیں یا ایک الکوحل پر مبنی ہاتھوں کا جراثیم کُش استعمال کریں؛ اپنے چہرے کو چھونے سے اجتناب کریں اور اپنی کھانسی یا چھینک کو اپنے بازوں سے ڈھانپیں نہ کہ اپنے ہاتھوں سے۔

میں تازہ خبروں سے کس طرح باخبر رہ سکتا ہوں؟

ہم عوامی صحت کے ماہرین کی ہدایات پر سختی سے پابندی کرنا جاری رکھیں گے اور ہم ہماری جانب سے کیے جانے والے کسی بھی اقدامات سے آپ کو لمحہ بہ لمحہ مطلع رکھیں گے۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم آپ کے ساتھ ٹیکسٹ یا ای میل کے ذریعے فوری طور پر رابطہ کرنے کے قابل ہیں، براہ کرم schools.nyc.gov/nycsa پر جا کر جتنا جلد ممکن ہو نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) بنائیں۔

نیویارک شہر کے مکینوں کو کوارنٹین میں مدد کرنے کے لیے، نیویارک شہر ٹیسٹ + ٹریس کارپس برادری پر مبنی تنظیموں کی شراکت میں افراد کو وسائل سے مربوط کرنے میں مدد کرتی ہے، جیسے غذا، دوائی، اور صحتیاتی نگہداشت۔ وسائل سے رابطہ کرنے کے لیے 1-212-4319-268-212) COVID19)کو کال کریں۔

COVID-19 کی اضافی معلومات کے لیے schools.nyc.gov/coronavirus پر جائیں یا 311 پر رابطہ کریں۔

بخلوص،

PRINCIPAL